BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن مؤرخہ 11 جون کو حفاظتی پابندیوں کے ساتھ تمام پارکس کو دوبارہ کھول رہا ہے

## *پارک روزانہ رات 10 بجے بند ہو جائیں گے*

برامپٹن، آن (8 جون 2020) – پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے رہنمائی کے تحت، سٹی آف برامپٹن بروز جمعرات، 11 جون کو اپنے 500 سے زیادہ تمام پارکس کو دوبارہ کھولے گا۔ اس میں کھلی جگہوں پر سایہ اور پکنک شیلٹرز، بینچ، پٹے کے بغیر کتوں کے گھومنے کے پارکس، وائیٹ سپرُوس پارک ڈسک گالف کورس اور سکیٹ پارکس (ماسوائے چنگواکوسی پارک) شامل ہیں۔ پارکس ہر رات 10 بجے بند ہو جائیں گے۔ ٹینس اور پکل بال کورٹس، پیل ویلج گالف کورس اور برامپٹن سیمٹری بھی کھلے رہیں گے۔

تمام پلے گراؤنڈز اور کھیلوں کی چیزیں، کھیلوں کے میدان اور سہولیات، تندرستی کے بیرونی آلات، بیرونی سوئمنگ پولز، سپلیش پیڈز/ ویڈنگ پولز، بیت الخلاء اور پینے کے پانی کے نظام بند رہیں گے اور عوام کی رسائی کے لیے دستیاب نہیں ہوں گے۔

کمیونٹی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ایک اضافی قدم کے طور پر، کھیل کے میدانوں اور تندرستی کے تمام بیرونی آلات کو ان کی بندش کے دوران عوام کے استعمال سے روکنے کے لیے زرد رنگ کے پلاسٹک کی باڑ میں لپیٹا جائے گا۔

رہائشیوں کو یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ اونٹاریو حکومت کے ہنگامی آرڈر کے تحت، پانچ سے زائد لوگوں کا سماجی اجتماع ممنوع ہے۔ بروز جمعہ، 12 جون 2020 کو دن 12:01 سے شروع کرتے ہوئے، صوبہ سماجی اجتماعات پر حد کو پانچ سے بڑھا کر 10 لوگ کر دے گا۔ ہر ایسے شخص سے کم از کم 2.0 میٹر (یا چھ فٹ) کا فاصلہ برقرار رکھا جانا چاہیے، جس کے ساتھ رہائشی ہر وقت رہتے نہیں۔

سہولیات کے کھلنے کے ساتھ اضافی کوڑے دان شامل کیے جائین گے اور ضرورت کے مطابق اضافی معائنوں اور کوڑا اٹھانے کا اطلاق ہو گا۔

**سایے کی جگہ اور پکنک شیلٹرز**

جسمانی فاصلہ بند کے اقدامات زیر نفاذ ہوں گے۔ سایے کی جگہوں/ پکنک شیلٹرز میں زیادہ سے زیادہ افراد کی سخت حدود ہوں گی، جو ان پارکس میں واضح طور پر نشانات پر ظاہر ہوں گی، جہاں یہ شیلٹرز موجود ہیں۔

رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سایہ دار جگہوں کو استعمال کرنے کے لیے اپنی کرسیاں اپنے ساتھ خود لائیں، کیونکہ سٹی کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے میزوں اور کرسیوں تک رسائی کو محدود کرے گا۔ رہائشیوں کو استعمال کے بعد اپنی کرسیاں گھر واپس لے جانی ہوں گی۔ سٹی آف برامپٹن کے کسی پارک میں رات کو رہ جانے والے کسی بھی کرسی کو ہٹا دیا جائے گا اور تلف کر دیا جائے گا۔

اس وقت پکنک شیلٹرز اور پارکس کی جگہوں کے لیے تاحکم ثانی کسی بھی بکنگ کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

**کتوں کے لیے بغیر پٹے کے گھومنے کے لیے پارکس**

برامپٹن میں کتوں کے لیے بغیر پٹے کے گھومنے کے لیے چار پارکس میں زیادہ سے زیادہ افراد کیا سخت حد ہو گی، جسے لگائے گئے نشانات پر واضح طور پر لکھا جائے گا۔

- براملیا لمیٹڈ کمیونٹی پارک (1030 ولیمز پارک وے)
- کرس گبسن پارک (135 مک لافلن روڈ نارتھ)
- ڈگن پارک (73 ووڈن اسٹریٹ ایسٹ)
- وائیٹ سپروس پارک (10302 برٹ لیک روڈ)

برامپٹن میں کتوں کے لیے پٹے وغیرہ کے بغیر گھومنے کے لیے پارکس کے متعلق مزید معلومات کے لیے، یہاں کلک کریں۔

**پارکس ایمبیسڈر پروگرام**

رہائشیوں میں جسمانی فاصلہ بندی کی ہدایات کے متعلق آگاہی پیدا کرنا کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ 13 جون سے شروع کرتے ہوئے، عام دنوں کی راتوں اور ہفتے کے اختتام پر زیادہ ٹریفک والے پارکس میں سٹی کا عملہ رہائشیوں کے ساتھ بات چیت کرے گا اور انہیں زیر نفاذ طبی و حفاظتی اقدامات کے متعلق آگاہ کرے گا۔

کارپوریٹ سیکورٹی سروسز پارکس کی نگرانی جاری رکھے گی۔ جسمانی فاصلہ بندی کے ضابطے کی پابندی نہ کرے والے افراد پر برامپٹن کووڈ-19 ایمرجنسی مژرز بائی لاء کے تحت ہر خلاف ورزی پر کم سے کم $500 کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔ رہائشیوں سے 311 پر کال کر کے عدم پابندی کی اطلاع دینے کی گزارش کی جاتی ہے۔

**کووڈ-19 کے لیے طبی و حفاظتی اقدامات**

کمیونٹی کی صحت و سلامتی کو سب سے اوپر رکھتے ہوئے، برامپٹن کے پارکس میں جسمانی فاصلہ بندی کے سخت اقدامات زیر نفاذ ہوں گے۔ کسی بھی ایسے شخص کے ساتھ ہر وقت کم از کم 2.0 میٹرز (یا چھ فٹ) کا فاصلہ برقرار رکھنا چاہیے، جس کے ساتھ رہائشی رہتے نہیں۔ سٹی رہائشیوں پر اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس، ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں۔

خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدگی سے اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ فرمائیں اور کسی بھی وقت سٹی آف برامپٹن اور ریجن آف پیل سے رابطے کے لیے 311 پر کال کر لیں۔

**اقتباسات**

"چونکہ موسم گرم ہوتا جا رہا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ رہائشی اپنے گھروں سے نکل کر تازہ ہوا سے لطف اندوز ہونا چاہیں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پیل پبلک ہیلتھ کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں کہ ہم صرف اس وقت ہی سہولیات کو کھولیں جب ایسا کرنا محفوظ ہو۔ ہماری کمیونٹی کی صحت و سلامتی ہماری ترجیح کے طور پر برقرار ہے اور مجھے اعتماد ہے کہ رہائشی اس دوران ان ہدایات کا احترام کریں گے اور جسمانی فاصلہ بندی پر عمل کریں گے، جب وہ ہمارے پارکس سے لطف اندوز ہونے نکلیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ کے ذریعے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کمیونٹی کے ساتھ بامعنی گفتگو کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں کہ ہماری سہولت گاہوں اور سہولیات کو دوبارہ کھولنے کے لیے ایک جامع طریقہ کار اپنایا جائے۔ ہمارا مقصد صحت و سلامتی کو ترجیح دیتے ہوئے رہائشیوں اور سٹی کے اہم فریقین کی ضروریات کے درمیان احتیاط سے توازن قائم کرنا ہے۔"

- *مارٹن میڈیروس ریجنل کونسلر وارڈز 3 اور 4؛ لیڈ، ری اوپننگ اینڈ ریکوری ورکنگ گروپ، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی کی خدمات اور سہولت گاہوں کو بحفاظت دوبارہ کھولنا سٹی آف برامپٹن اور ہمارے عملے کی اولین ترجیح ہے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانا جاری رکھیں گے کہ ہم ایک ذمہ دارانہ اور محفوظ طریقے سے عوام کے لیے سٹی کی خدمات کو کھولیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

*"موسم گرما کی آمد کے ساتھ، بیرونی جگہوں، مثلًا پٹے کے بغیر کتوں کے گھومنے کے پارکس، کا بتدریج دوبارہ کھلنا رہائشیوں کو باہر نکلنے کا موقع دے گا۔ یہ جسمانی سرگرمی اور ذہنی بہبود کو فروغ دینے میں مدد دے گا، مگر یہ بات یاد رکھنا اہم ہے کہ سہولیات کے کھلنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم محتاط رہنا چھوڑ دیں۔ رہائشیوں کو کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے سفارشات پر عمل جاری رکھنا ہو گا۔ دوسروں سے دو میٹر کے فاصلے پر رہنا، ان جگہوں پر لوگوں اور کتوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد کی پابندی کر کے مجمع سے بچنا، کثرت سے اور باہر سے آنے کے بعد ہاتھ دھونا اور بیمار ہونے پر ٹیسٹ کروانا اور گھر پر رہنا آگے بڑھنے کے لیے کلیدی ہے۔"*

BRAMPTON

**Media Release**

- *ڈاکٹر لارنس لوہ، انٹیرم میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ، پیل پبلک ہیلتھ*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ **www.brampton.ca** پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca